General permission to publish and disclose information

معلومات شائع اور منکشف کرنے کی عمومی اجازت

محترم والد/والدہ/کیئرر

مجھے آپ کی اجازت درکار ہے تاکہ سکول/ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن آپ کے بچے کے متعلق معلومات شائع اور/ یا منکشف کر سکے جس کا مقصد بچے کے تجربات دوسرے طالبعلموں کے علم میں لانا، سکول اور وسیع تر کمیونٹی کو سکول اور طالبعلموں کی سرگرمیوں کے متعلق معلومات دینا اور اہم پراجیکٹس یا سماجی خدمات میں طالبعلم کی شرکت کو ریکارڈ میں لانا ہے۔

ان معلومات میں آپ کے بچے کا نام، عمر، کلاس اور سکول میں اکٹھی کی جانے والی معلومات مثلاً فوٹوز، بچے کی آڈیو یا وڈیو ریکارڈنگ، بچے کا کام اور اظہار رائے مثلاً انٹرایکٹیو میڈیا میں اظہار رائے شامل ہو سکتا ہے۔

آپ کے بچے کے متعلق معلومات مندرجہ ذیل قسموں کی کمیونیکیشن میں شائع یا منکشف کی جا سکتی ہیں لیکن یہ اس کے علاوہ بھی کسی قسم کی کمیونیکیشن ہو سکتی ہے:

- ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی پبلک ویب سائٹس جن میں سکول کی ویب سائٹ، ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا انٹرانیٹ (صرف عملے کے لیے)، بلاگز اور wikis شامل ہیں
- ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی اشاعتیں جن میں سکول کا نیوز لیٹر، سالانہ سکول میگزین اور سکول رپورٹ، پرنٹڈ اور الیکٹرانک اشتہاری مواد اور ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ پر اشاعت شامل ہیں
- یو ٹیوب، فیس بک اور ٹوئٹر وغیرہ جیسے نیٹ ورکس پر ڈیپارٹمنٹ کے آفیشل اکاؤنٹس اور سکول کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس
- مقامی اور میٹروپولیٹن اخبارات اور میگزین اور دوسرے ذرائع ابلاغ۔

والدین کو آگاہ ہونا چاہیے کہ معلومات کے پبلک ویب سائٹس اور سوشل میڈیا چینلز پر شائع ہو جانے کے بعد یہ معلومات اگر ہمیشہ نہیں تو بہرحال کئی سال تک آن لائن تلاش کی جا سکتی ہیں۔ سرچ انجنز بھی شائع شدہ معلومات کو cache (میموری میں محفوظ) کر سکتے ہیں یا ان کی کاپیاں محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ تیسرے فریق بھی شائع کردہ معلومات کے لنک استعمال کر سکتے ہیں۔

براہ مہربانی مندرجہ ذیل تاریخ تک اجازت کا فارم مکمل کر کے سکول کو لوٹا دیں:

Date for return of permission form

انٹرپریٹر کی مدد

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی131 450 پر فون کریں، آپریٹر کو اپنی زبان بتائیں اور سکول سے بات کروانے کے لیے کہیں۔ آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر لائن پر مہیا کر دے گا۔ اس سروس کے لیے آپ سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

پرنسپل کا نام (Name of principal)

سکول کا نام (Name of school)

والد/والدہ/کیئرر کی طرف سے اشاعت کے لیے رضامندی
Parent/carer permission to publish consent

میں نے یہ اشاعت کا اجازت نامہ پڑھ لیا ہے اور:

(نیچے صرف ایک خانے میں نشان لگائیں اور دوسرے خانے کو خالی چھوڑ دیں)

☐ میری طرف سے سکول/ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کو اجازت ہے کہ میرے بچے کے متعلق معلومات کو مندرجہ بالا طریقے سے شائع کیا جائے اور اس میں عوام کے لیے قابل رسائی کمیونیکیشنز میں اشاعت بھی شامل ہے۔
I give permission to the school/Department of Education to publish information about my child as described above, including in publicly accessible communications.

☐ میری طرف سے سکول/ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کو اجازت نہیں ہے کہ میرے بچے کے متعلق معلومات کو مندرجہ بالا طریقے سے شائع کیا جائے اور اس میں عوام کے لیے قابل رسائی کمیونیکیشنز میں اشاعت بھی شامل ہے۔
I do not give permission to the school/Department of Education to publish information about my child as described above, including in publicly accessible communications.

یہ دستخط شدہ اجازت تب تک مؤثر رہے گی جب تک میں سکول کو کوئی اور اطلاع نہ دوں۔

بچے کا نام (بڑے انگریزی حروف میں لکھیں)

____
Name of child

والد/والدہ/کیئرر کا نام (بڑے انگریزی حروف میں لکھیں)

____
Name of parent/carer

والد/والدہ/کیئرر کے دستخط

____
Signature of parent/carer

تاریخ

____
Date